**19/01/2025**

**07.40 PM**

**Signature Tune**

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔

اب آپ شیخ تجمل سے خبریں سُنئیے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیاں۔

ہیڈ لائنز

☆ ..........ملک مستقبل کے چلینجوں کا حل فراہم کرتے ہوئے خلائی ٹیکنالوجی میں نئے معیارات قائم کررہا ہے// وزیراعظم نریندر مودی کا من کی بات پروگرام میں اظہار خیال۔

☆ ..........عوامی شکایات کو دور کرنے کیلئے افسران کو عملی اقدامات کرنے کی نائب وزیراعلیٰ سُریندر چودھری کی تلقین۔

☆ ..........جموں وکشمیر میں جاری قومی روڈ سیفٹی مہینے کے سلسلے میں عوامی بیداری کیلئے متعدد پروگراموں کا انعقاد جاری// لوگوں کو روڈ سیفٹی سے متعلق اقدامات کے بارے میں کیا جارہا ہے آگاہ۔

اور

☆ ..........مہا کنبھ میلے میں عقیدت مندوں کی سہولت کیلئے کٹرہ اور پریاگ راج کے درمیان تین خصوصی ریل گاڑیاں چلائے جانے کا شمالی ریلوے کا اعلان۔

PM

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک، مستقبل کے چلینجوں کیلئے حل فراہم کرتے ہوئے بصیرت افروز سائنسدانوں اور اختراع کاروں کی مدد سے خلائی ٹیکنالوجی میں نئے معیارات قائم کررہا ہے۔ آج آکاشوانی پر ''من کی بات'' پروگرام کے 118 ویں نشریے میں وزیر اعظم نے خلا کے شعبے میں ملک کی حالیہ کامیابیوں کو اُجاگر کیا۔ بنگلورو میں قائم انڈین اسپیس ٹیک اسٹارٹ اپ Pixxel کی جانب سے، کامیابی کے ساتھ ملک کے پہلے نجی سیارچے "Firefly" کو خلاء میں بھیجے جانے کی تعریف کرتے ہوئے وزیر اعظم نے اسے خود کفالت کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا۔

---Byte--(PM)---

وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت اس کامیابی کو حاصل کرنے والا دنیا کا چوتھا ملک بن گیا ہے۔ انہوں نے سائنسدانوں، اختراع کاروں اور نوجوان کاروباریوں کو نیک خواہشات پیش کیں۔ سٹارٹ اپ انڈیا کے 9 برس مکمل ہونے پر وزیر اعظم نے کہا کہ ملک کا سٹارٹ اپ کلچر محض بڑے شہروں تک محدود نہیں بلکہ آدھے سے زیادہ سٹارٹ اپس چھوٹے شہروں میں ہیں۔

---Byte--(PM)---

وزیر اعظم نے 75 ویں یوم جمہوریہ کے موقعے پر یہ کہتے ہوئے پیشگی مبارکباد دی کہ اس سال کا جشن اس لئے خاص ہے کیونکہ یہ سال آئین کو اختیار کئے جانے کے 75 سال پورے ہونے کا ہے۔ انہوں نے بابا صاحب بھیم راؤ امبیڈکر، ڈاکٹر راجندر پرساد اور ڈاکٹر شیاما پرساد مکھرجی کو یاد کیا اور کہا کہ ملک کے شہریوں کو ان عظیم رہنماؤں سے تحریک لینی چاہیئے۔

---Byte--(PM)---

وزیر اعظم نے 25 جنوری کو منائے جانے والے ووٹروں کے قومی دن کی اہمیت کو بھی اُجاگر کیا۔

NDRF

آج نیشنل ڈیزاسٹر رسپانس فورس کا 20 واں یوم تاسیس ہے۔ اس سلسلے میں آندھرا پردیش کے وجے واڑہ میں منعقدہ تقریب میں مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے شرکت کی، جہاں انہوں نے NDRF سے متعلق تقریباً 2 ارب روپے کی لاگت والے کئی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔

----Byte---(Amit Shah)---

NDRF کے یوم تاسیس کے موقع پر وزیر داخلہ نے قدرتی آفات سے نمٹنے والی اس قومی فورس کے اہلکاروں کو مبارکباد دی ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ NDRF نے قدرتی آفات اور دیگر مشکل صورتحال میں انسانی جانیں بچائی ہیں اور یہ شہریوں کے تحفظ کے حکومت کے عزم کی علامت بن گئی ہے۔ انہوں نے اُن شہداء کو بھی خراج عقیدت

پیش کیا، جنہوں نے دوسروں کو بچانے کیلئے اپنی جانیں قربان کر دیں۔
لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے بھی NDRF کے یوم تاسیس پر فورس سے تعلق رکھنے والے عملے اور اہلکاروں کو مبارکباد پیش کی۔
سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں ایل جی نے کہا کہ مشکل وقت میں NDRF کے اہلکار زندگیاں بچانے اور راحت رسانی کے کاموں میں پیش پیش رہتے ہیں۔

جتیندر سنگھ

مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ کٹھوعہ میں قائم Homeopathy کالج میں اسی سال پہلا تعلیمی سیشن شروع ہو رہا ہے جبکہ علاقے کے دو اہم پُل، نوراپُل اور Juthana پُل چند روز کے بعد عوام کیلئے وقف کئے جائیں گے۔ نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا۔

-----Byte---(Jitendera Singh)----

LG

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ اعضاء کا عطیہ زندگی کا نصب العین ہونا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ یہ بے لوث عمل نہ صرف اعضاء وصول کرنے والوں پر مثبت اثر ڈالتا ہے بلکہ ٹرانسپلانٹیشن کے خواہاں افراد کے اہل خانہ اور دوستوں کی زندگیوں کو بھی متاثر کرتا ہے۔ ایل جی نے کہا کہ بھارتیہ جین سنگٹھن اعضاء کے عطیہ کیلئے لوگوں کو ترغیب دیکر ایک عظیم خدمت انجام دے رہی ہے۔
انہوں نے کہا کہ عطیہ کرنے والوں کیلئے اعضاء کا عطیہ زندگی بخشنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ ایل جی نے سٹیٹ آرگن ٹیشو ٹرانسپلانٹ آرگنائزیشن سے کہا کہ ان کا نام بھی عطیہ دینے والوں کی فہرست میں شامل کیا جائے۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سُریندر چودھری نے افسران پر زور دیا ہے کہ وہ عوامی شکایات کو دور کرنے کیلئے عملی اقدامات کریں۔ انہوں نے کہا کہ جاری ترقیاتی کاموں میں سرعت لاکر انکی تکمیل کو مقررہ معیاد کے دوران ہی یقینی بنایا جائے۔ ان باتوں کا اظہار انہوں نے آج نوشہرہ میں ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے افسران سے تلقین کی کہ وہ بنیادی سطح پر پبلک سروسز گارنٹی ایکٹ کی عمل آوری کو سختی سے لاگو کرنے کی بھی ہدایت دی۔
دریں اثناء نائب وزیر اعلیٰ نے آج سندر بنی جاکر آگ متاثرین سے بات چیت کی۔ انکے ہمراہ مقامی MLA رندھیر سنگھ بھی

تھے۔انہوں نے متاثرین کو یقین دلایا کہ سرکار کی طرف سے انہیں مناسب معاوضہ دیا جائے گا۔انہوں نے افسران کو ہدایت دی کہ وہ نقصانات سے متعلق رپورٹ جلد از جلد تیار کریں۔

رپورٹ

روڈ سیفٹی کا مسئلہ جموں و کشمیر کے لوگوں کو درپیش ایک ضروری اور انتہائی اہمیت کا حامل مسئلہ ہے۔اس سلسلے میں محکمہ ٹرانسپورٹ سبھی شہریوں کیلئے روڈ سیفٹی یقینی بنانے کی غرض سے کئی طرح کے اقدامات کر رہا ہے،جن میں پوری یوٹی کے اندر بیداری مہم چلانا بھی شامل ہے۔
پیش ہے اس سلسلے میں شعبہ خبر کے سربراہ طارق راتھر کی یہ رپورٹ۔

------V/O--(Tariq Rather)------

کمشنر

اسی دوران جاری قومی روڈ سیفٹی مہینے کے تحت ٹرانسپورٹ کمشنر وشیش پال مہاجن نے آج اننت ناگ میں طلباء کی ایک ریلی کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا جس کا مقصد ضلعے میں روڈ سیفٹی سے متعلق پیغام کو عام کرنا ہے۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔
خبریں آپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن اے آئی آر اور DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔
خبروں کے بلٹن اور شعبہ خبر کے پروگراموں سے متعلق آپ اپنی آرا اور تجاویز ہمارے ای میل ایڈرس
akashvanisrinagarnews@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں۔

اُتر پردیش

اُتر پردیش کے شہر پریاگ راج میں مہا کنبھ میلہ 2025 جاری ہے اور اس میلے کے دوران اب تک لاکھوں شردھالوؤں نے تروینی سنگم پر سنان کیا ہے۔اُتر پردیش حکومت نے اس سلسلے میں مثالی انتظامات کئے ہیں۔

-------Byte-------

JKٹرین

مہا کنبھ میلے میں شرکت کیلئے عقیدت مندوں کے سفر میں سہولت فراہم کرنے کی خاطر شمالی ریلوے ڈویژن نے شری ماتا ویشنو دیوی ریلوے اسٹیشن، کٹرہ اور پریاگ راج کے درمیان تین خصوصی ریل گاڑیاں چلانے کا اعلان کیا ہے۔

پہلی ٹرین شری ماتا ویشنو دیوی کٹرہ اسٹیشن سے 24 جنوری کو رات دیر گئے 3 بجکر 50 منٹ پر روانہ ہوگی، جو اگلے دن 25 جنوری کو پریاگ راج سے واپس ہوگی۔ باقی 2 ریل گاڑیاں 7 اور 14 فروری کو روانہ ہوں گی۔ یہ دونوں ٹرینیں مقررہ تاریخ اور وقت پر کٹرہ ریلوے اسٹیشن سے رات دیر گئے 3 بجکر 50 منٹ پر روانہ ہوں گی اور اگلے دن شام 4 بجکر 25 منٹ پر پریاگ راج پہنچیں گی۔ یہ ٹرینیں پریاگ راج سے شام ساڑھے 7 بجے 8 فروری اور 15 فروری کو واپس روانہ ہوں گی اور اگلے دن صبح 10 بجے کٹرہ ریلوے اسٹیشن پہنچیں گی۔

نشہ

ملک کو نشے کی لعنت سے پاک کرنے کیلئے انفرادی اور اجتماعی سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

..................Byte (PM).......................

ادھر جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے کئے جا رہے اقدامات کے خاطر خواہ نتائج سامنے آرہے ہیں۔ تاہم ان کاوشوں میں جدت لانے کی ضرورت ہے۔ اس حوالے سے جب ہم نے جموں وکشمیر سکولی تعلیم کے سابق مشن ایڈوائزر محمد رفیع سے بات کی، تو انہوں نے کہا۔

............Byte (Mohd Rafi)..........

ACB

جموں وکشمیر اینٹی کورپشن بیورو نے حال ہی میں کئے گئے چند افسران کے تبادلوں سے متعلق ان خبروں کی تردید کی ہے کہ یہ تبدیلیاں کسی تادیبی کارروائی کے تحت عمل میں لائی گئی ہیں۔ انہوں نے تبدیلیوں سے متعلق ان دعوؤں کو حقیقت سے بعید قرار دیا اور کہا کہ تبدیلیاں معمول کے انتظامی طریقہ کار کا ایک حصہ ہیں اور سرکار کورپشن کے خلاف تمام اقدامات کو یقینی بنانے کی وعدہ بند ہے۔

پنڈت سبھا

آل سٹیٹ پنڈت کانفرنس اور شری سناتن دھرم یُوک سبھا شیتل ناتھ کی جانب سے کشمیری پنڈتوں کے 35 برس قبل وادی سے چلے جانے کے سلسلے میں یُوک سبھا کے سربراہ موتی لال ملہ کی سربراہی میں مٹھی کیمپ جموں کے کمیونٹی ہال میں ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس سبھا میں کئی پارٹیوں اور سماجی و سیاسی تنظیموں کے نمائندوں نے شرکت کی۔

میٹنگ کے دوران مقررین نے غریبُ الوطنی کی زندگی گزار رہے پنڈتوں کی سہولت اور انہیں درپیش مشکلات کے ازالے کیلئے اضافی اقدامات کئے جانے پر زور دیا۔ بعدازاں شرکاء نے ایک پُر امن جلوس بھی نکالا جس دوران یوٹی اور مرکزی سرکار کے سامنے یہ مطالبہ زوردار طریقے پر رکھا گیا کہ اُن کی باعزت وطن واپسی اور بازآبادکاری کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جانے چاہئیں۔

NC

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے بدھل راجوری میں پُر اسرار بیماری سے ہو رہی اموات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار خاندانوں سے تعزیت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمر عبداللہ کی سرکار پہلے ہی اس پُر اسرار بیماری کی تحقیقات میں جڑی ہوئی ہے۔ انہوں نے عوام کو ہر طرح کی راحت رسانی کا یقین دلایا۔

اسی دوران ممبر پارلیمنٹ میاں الطاف احمد نے بدھل جاکر سوگواروں کے ساتھ تعزیت کی اور انہیں سرکار کی طرف سے ہر ممکن امداد کا بھروسہ دلایا۔

اطلاع

عوامی شکایات پر مبنی شعبہ خبر کا تیار کردہ پروگرام شہر شہر منظر ہر جمعرات کو صبح ساڑھے نو بجے نشر ہوتا ہے۔

آپ اس پروگرام کے ذریعے مسائل کو اُجاگر کرنے کیلئے ہر سوموار اور منگلوار کو صبح ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک فون نمبر 0194-2452019 پر اپنی شکایات ریکارڈ کرا سکتے ہیں۔

GCC

گروپ آف کنسرنڈ سٹیزنز نامی ایک غیر سیاسی سیول سوسائٹی گروپ نے اربن پلاننگ پالیسیوں کے اندر کی جا رہی مجوزہ تبدیلیوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ پالیسیاں شہری منصوبہ بندی اور ماحولیات کے ماہرین کے ساتھ معقول صلاح ومشورہ کئے بغیر اور معقول قانونی ڈھانچے کی عدم موجودگی میں آگے بڑھائی جا رہی ہیں۔

GCC نے اس بات پر زور دیا ہے کہ جموں وکشمیر میں شہری منصوبہ بندی ماسٹر پلاننگ، زونل پلاننگ اور ماحولیاتی اثرات کا جائزہ لینے کے بعد عمل میں لائی جانی چاہئے۔ انہوں نے کہا ہے کہ جموں وکشمیر کے Seismic Zones چار اور پانچ میں واقع ہونے سے یہ بات لازم بنتی ہے کہ منصوبہ بندی کے موجودہ ضوابط میں نرمی کیلئے اضافی احتیاط سے کام لیا جانا چاہئے۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق اگلے 24 گھنٹوں کے دوران جموں کشمیر کے میدانی علاقوں میں موسم خشک رہنے کا امکان ہے جبکہ بالائی علاقوں میں ہلکی بارش یا برفباری کی پیشگوئی کی گئی ہے۔

سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 9 اعشاریہ 7 ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی 1 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 20 اعشاریہ 1 ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 8 اعشاریہ 1 ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 7 بجکر 35 منٹ پر اور

غروب آفتاب شام 5 بجکر 49 منٹ پر ہوگا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح 7 بجکر 45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہوگا۔

ہمیں دیجئے اجازت // خدا حافظ۔